حج وزکوۃ تسبیح تہلیل تکبیر تحمید ذکر و فکر حسنات خیرات صدقات ونفقات
وغیرہ ان سب عبادتون کے واسطے بندون کو حکم ہے کہ اُتْلُ
مَآ اُوْحِیَ مِنَ الْکِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ
وَالْمُنْکَرِ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ اور سب عبادتون کے اجراور ثوابات
موعود اور معین ہین اور تعمیل سب عبادتون کی بندون پر بقدر حال ہر بندہ
کے فرض اور واجب اور سنت اور مستحب اور نفل ہے اسکی تفصیل دراز ہے
کہ دفتر دفتر سب کتب شرائع اور قرآن و حدیث اسکی شرح مین مملو ہین
پس یہ سب عبادتین بندون کے واسطے ہین اور بندونکو کرنا چاہیے
اور بندون کو حکم ہے اور بندون پر تعمیل فرض واجب ہے اور در صورت
درستی عمل کے اجر اوسکا اللہ پر موعود ہے کہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ
وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً یَّرْجُوْنَ
تِجَارَۃً لَّنْ تَبُوْرَ لِیُوَفِّیَھُمْ اُجُوْرَھُمْ وَیَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ اِنَّہٗ غَفُوْرٌ
شَکُوْرٌ پس عبادت کرنا عبد کا کام ہے اور اجر بخشنا معبود کا کام ہے
اب یہان سے اس درود کے مرتبے کو ملاحظہ کرنا چاہیے کہ سب عبادتونکو
بندون کی طرف نسبت اور حکم فرماتا ہے اور درود کو اپنی طرف اور اپنے
فرشتون کی طرف نسبت فرماکر فرماتا ہے کہ اللہ اور اللہ کے سب فرشتے
درود بھیجتے ہین اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ای وہ لوگو کہ ایمان لائے ہو

تم درود بھیجو تم اوپر نبی کے اور سلام اور تسلیم بس اس شان اور اس مرتبہ
کو دیکھنا چاہیئے کہ کس عبادت کے واسطے یہ رتبہ حاصل ہو سکتا ہے اور
کون عبادت اس سے فاصلتر متصور ہو سکتی ہے اسکی عبارت کلام اللہ مین
ان الفاظ سے وارد ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اسکے سوائے جو آیہ مذکورہ بالا مین
سب عبادتون تلاوت قرآن اور نماز سے جا اکر کے ذکر اللہ کو سب سے
اکبر فرماتا ہے کہ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ اور اس ذکر کا کمال مرتبہ یہ
بیان فرماتا ہے کہ فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ یعنی ذکر کرو تم میرے تو میں ذکر
کرون تمھارے پس یہ معنی مضمون اسی درود کے پڑھنے میں بدرجہ اتم اور
اکمل حاصل ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَآءَنِیْ جِبْرَئِیْلُ فَقَالَ لِیْ اَمَا تَرْضٰی یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا
یُصَلِّیَ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا اسکا حاصل معنی
یہ ہے کہ جو ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تو اللہ
تعالی دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اوپر اوس درود بھیجنے والے کے پس اس سے
معنی فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ کے صاف ظاہر ہو گئے اور بواقعی ثابت ہوا
کہ وہ ذکر اللہ کے جسکو سب عبادتون پر اکبر فرمایا ہے وہ یہی درود ہے کہ
فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ کی صفت اسی درود مین بتمامہ پیدا ہے اللّٰہ اکبر کیا مرتبہ اور

کیا شان ہے اب اسکی تائید آیہ کلام اللہ مین بصراحت تمام ملاحظہ ہو کہ اللہ
تعالی فرماتا ہے هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ
إِلَى النُّورِ وَكَانَ اللّٰهُ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا اسکے حاصل معنی ظاہر ہین کہ اللہ
وہ ہے کہ درود بہیجتا ہے اوپر تمہارے اور فرشتے اوسکے تاکہ نکال لیوے تمکو
تاریکی معصیت سے طرف نور کے اور ہے اللہ ساتھ مومنون کے رحم کرنے والا
پس یہ اللہ کے درود بہیجنے کی خبر کلام اللہ سے ہے اور معنی درود کے
بندے کی طرف سے فقط گفتار ہے یعنی طلب رحمت کی اوپر حبیب اوسکی کے
کرنا اور اللہ کی طرف سے کردار ہے یعنی اپنی رحمت موافق دعا اپنی بندے کے
اپنے حبیب پر بہیجنا اور فرشتون کی طرف سے استغفار ہے واسطے عفو
گناہون درود بہیجنے والون کے پس اب اس سے زیادہ تر مرتبہ درود بہیجنے والے
کے واسطے کیا ہو سکتا ہے کہ موافق [illegible] درود بہیجنے والے کے
لایا ہے رحمت سے کے رحمت الٰہی کو اوس حبیب کے پاس لیجاتی ہین اور یہ عرض کرتی ہین کہ
ہدیہ رحمت کا اللہ نے موافق دعا فلان ابن فلان کے بہیجا ہے آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم اولا فوراً دست دعا کا واسطے مغفرت اور رحمت اوس بندہ درود بہیجنے
والے کے بحکم خدا اوٹھاتے ہین بعد اوسکے وہ ہدیہ رحمت الٰہی کا بصد
خوشی قبول فرماتے ہین اور اس حکم خدا کی خبر کلام اللہ مین اس عبارت
سے وارد ہے کہ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ

واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما اور حدیث شریف میں
اسکی شرح وہاں اس قسم کی تفسیر سے وارد ہے قال النبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ما من عبد صلی علی الا
خرجت الصلوة مسرعة من فيه فلا يبقى بر ولا بحر ولا شرق ولا غرب الا
وتمر به وتقول انا صلوة فلان ابن فلان صلى على محمد المختار
خير خلق الله فلا يبقى شيء الا وصلى عليه ويخلق الله من تلك الصلوة
طائرا له سبعون الف جناح في كل جناح سبعون الف ريشة
في كل ريشة سبعون الف رأس في كل رأس سبعون
الف لسان في كل لسان يسبح الله تعالى بسبعين الف لغات
ويكتب الله له ثواب ذلك كله۔ اسکا ترجمہ حاصل معنی
یہ ہے کہ نہیں کوئی بندہ کہ درود بھیجا اوسنے اوپر میرے مگر یہ کہ نکلا
درود اوسکے منہ سے جلدی تمام بحر و بر سے نکلتے ہوئے نہیں باقی رہتا
ہے کوئی جنگل اور دریا اور مشرق و مغرب مگر یہ کہ گذرتا ہے وہ درود اوس سے
اور کہتا ہے وہ درود کہ میں درود ہوں فلاں ابن فلاں کی طرف سے کہ درود
بھیجا ہے اوسنے اوپر محمد مختار خیر خلق اللہ کے پس نہیں باقی رہتی ہے کوئی
شے مگر درود بھیجتی ہے وہ شے اوپر درود بھیجنے والے کے پیدا کرتا ہے
اللہ تعالی اوس درود سے پرندہ کہ ستر ہزار بازو اوسکے ہیں اور ہر بازو میں ستر ہزار

پرہین اور ہر پر مین ستر ہزار پر ہین اور ہر پر مین ستر ہزار چہرے ہین اور ہر چہرے
مین ستر ہزار منہ ہین اور ہر منہ مین ستر ہزار زبان ہین ہر زبان سے تسبیح کرتا ہے
اللہ کی ستر ہزار لغتون مین اور لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوس درود کہنے
والے کے ثواب ان سب تسبیحات کا تمامتر انتہی پس ایک مرتبہ درود کہنے کا
یہ مرتبہ اور یہ ثواب اور اجر عند اللہ اور عند الرسول از روے قرآن و حدیث
کے بیان کیا گیا اسکے سواے جو اسکے فضائل اور شرائف بیحد و بیحساب
دفتر دفتر قرآن و حدیث سے ثابت ہین انشاء اللہ تعالی اپنی جاے خود بقدر
مساعدت وقت اور ضرورت مقام کے بیان کیا جاے گا اور وجہ
اور سبب اس قدر فضائل اور ثواب ہاے بے انتہا کا اور فضیلت اور ترجیح
اور شرف سب عبادات پر لقب رحمہ اور امداد روح الارواح انشاء اللہ
بجاے خود دیکھا جاے گا اب یہان ایک نکتہ باریک اس لفظ
صلوۃ مین اور ملاحظہ کرنا چاہیے کہ نماز افضل العبادت ہر فریق
محمدی مین بالاتفاق مسلم الثبوت ہے اور اوسکے شرائف اور فضائل و مراتب
اور ثوابات اور درجات بلند جو کچہ کہ از روے آیات اور احادیث کے ثابت
اور متحقق ہین محتاج بیان نہین اور احکام بہی کس تاکیدات اور تشدید
سے ہین کہ کسی حالت مین معاف نہین اور کوئی عذر مرتے دم تک مسموع
نہین پس اس نماز کا نام عربی مین صلوۃ ہے سواے اسی ایک لفظ

خاص ہے اور کوئی لفظ تمام کے معنی پر مشتمل نہیں اور نام ہر شے کا نفس شے
پر دلالت کرتا ہے مثلاً کسی کا نام عبداللہ ہے اس نام سے اوس شخص معلوم
کے ہاتھ پاؤں ناک کان دل دماغ جگر وغیرہ مراد نہیں ہو سکتی مگر
نفس اور ذات خاص اوس موسوم کی مراد لی جاوے گی پس نفس اور ذات
خاص نماز کی لفظ صلوٰۃ قرار پائی اور درود کے واسطے بھی سواے لفظ
صلوٰۃ کے اور کوئی لفظ عربی مین نہیں ہے گئی انشاءاللہ حروف اور اعراب
حرکات اور سکنات اور تلفظ احادیث پس اس سے صریح ثابت ہوتا ہے
کہ نفس نماز درود ہے کہ یہی صلوٰۃ ہے یہی نام قرار پایا حال آنکہ التزام سورۃ
فاتحہ اور ضم آیہ قرآنی اور تسبیح اور تہلیل تکبیر اور تحمید اور التحیات اور درود
سے نماز مرکب ہے جسکی ماہیت اور حقیقت اور صورت آیندہ انشاءاللہ تعالیٰ
بجاے خود بیان کی جاوے گی مگر اطلاق نام نماز کا خاص اسی لفظ صلوٰۃ پر
قرار پایا اور صلوٰۃ درود کو کہتے ہیں پس یہان سے درود کا مرتبہ دیکھنا چاہیے
اس صورت مین جس جس مقامات میں کلام اللہ مین لفظ صلوٰۃ کی وارد ہو
اور احکام موکد اوسکی تعمیل کے واسطے متواتر وارد ہین مثل اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ يَا اَقِمِ الصَّلٰوةَ وغیرہم سب احکام موکد دونون صلوٰۃ
کی طرف رجوع ہوسکتے ہیں خصوصاً جس حالت میں اس صلوٰۃ درود خاص
کے واسطے اس صراحت سے حکم موکد آیا ہو کہ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ

عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۔ اس صورت
مین بدرجہ اولی اون سب احکام موکدہ نماز مین درود کا بھی شامل ہونا لازم ٹھہرا
اس نظر سے فرضیت اور وجوب درود کا بھی مثل نماز کے سمجھنا چاہیے کہ دونو
صلوٰۃ لفظاً اور حرفاً اور اعراباً اور معناً اور حکماً ایک حکم رکھتے ہین پس اس مقام
سے درود کا مرتبہ ملاحظہ کرنا چاہیے کہ عین نماز ٹھہرا اب وجہ اس قدر
کمال فضیلت اور ترجیح کی بھی معلوم کرنا چاہیے یہ مضمون بہت بلند اور شرح
طلب ہے انشاء اللہ بقدر حصہ مدارج حالی اور مساعدت وقت کے اخیر
کتاب مین بمقام فضائل درود وجہ موجہ اور معقول بیان کی جاے گی
اب بالفعل مقدمہ کتاب کا بیچ بیان تمہید سخن اور مرتبہ شان محمدی کے
آیات قرآنی سے لکھنا مقدم ہے کہ اوسکے حبیب نور ذاتی کی صفت اوسی
کے کلام سے اولی تر ہے کہ ماراچہ حد حمد و ثنای تو بود + ہم حمد و ثنای
تو سزاے تو بود +

مقدمہ بیچ بیان تمہید سخن کی کہ صفت اور ثنا اپنے حبیب کی کلام محب حقیقی سے زیبا ہے

روشن تر از آفتاب ہر کہ تمام کون و مکان روز اول سے نور محمدی
روشن ہے کہ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِيْ اور ہمیشہ ابد الاباد تک یہ نور
محمدی روشن رہے گا کہ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ

نیز اکثر کتابیں مولود و سیر و تواریخ کی بیچ بیان فضائل اور معجزات و حالات
اور معاملات اس نور ذاتی کے متعارف ہیں مگر اسرار صورت اور حقیقت اور
ماہیت شان محمدی کی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کلام الٰہی اور آیات قرآنی
سے کمتر کسی شرح کی ہے خصوصاً حلیہ شریف اور نعت اور شاعر ور
شاعری اور شاعری اکثر آدمیوں سے بقدر مساعدت قوت ناطقہ بیان
کی ہے مگر وہ سب کلام بشر ہے کہ کلام خدا اور کلام رسول بالاتفاق اس
بیان سے قاصر ہے کہ نقطہ محیط دائرہ کا نہیں ہو سکتا ہے لاجرم اوسکی
صفت اور اوسکی نور ذاتی کی صفت اوسی کے کلام سے زیبا ہے کہ
زبان وصفش ندارد در شمارد + سخن زین رو نہ بیں گوشت یارد + سبحانک
لا اُحصی ثناءً علیک انت کما اثنیت علیٰ نفسک علاوہ اکثر قول
مولود شریف میں چند مضامین خاص اور حکایات ظاہر متعارف بالاتفاق
بیان کرتے ہیں کہ وہ ظاہر اور معلوم ہیں کوئی نہیں جانتا ہیں کہ فضائل
اور سر الٰہی خاص لائق مرتبے اور شان اوس نور ذاتی کے بظاہر نہیں بلکہ
بصورت ظاہر طرز نامہ مولود اور رضاعت اور ولادت وغیرہ پردہ عالم اسباب
میں مثل بیگانہ مسکین کے حجاب مسکینت اور یتیمی اور بیکسی اور محتاجی میں
مستتر ہے اور ہر گونہ نشو و نما اور ترقی دین اسلام کی بھی بظاہر پردہ ہائے
عالم ظاہر میں جیسی تھی مثلاً مدت دراز تک شعب ابی طالب میں چھپنا اور چھپ

چھپکر ہجرت کرنا اور پھر غار مین چھپنا اور عنکبوت کا جالا لگانا اور کبوتر کا آشیانہ اور انڈا رکھنا اور پھر بتدریج اور دفعات غنیمت اور غارت قوافل کفار سے ترقی اور تقویت فوج اسلام کی ہونا امداد ہزارون ملایک کی بھی مخفی پردہ بشری مین آنا اور کسیکو نظر نہ آنا ان سب حیلون عالم اسباب مین اور پردہ ہاے عالم بشری مین اس نور نبوت کو چھپانا اسکی وجہین اور اسرار حکمت الٰہی کمتر کوئی بیان کرتا ہے یہی سب مضامین اور حکایات ظاہر جو سب جانتے ہین اکثر بیان کرتے ہین اسکی سماعت سے عوام مومنین لا یعلم کو حیرت اور استعجاب ہوتا ہے او منکرین کو حجت انکاری قوی تر ہوتی ہے کہ قالوا ما انتم الا بشر مثلنا وما انزل الرحمٰن من شیٔ ان انتم الا تکذبون لہذا اوسکے اسرار اور مصلحت حکمت الٰہی از روے آیات قرآنی اور دلایل موجہ عقلی و نقلی سے زبان اردو عام فہم مین بیان کرنا ضرور ہوا تا نا واقفین منقولات آیات قرآنی سے سمجھکر بحکم ولکن لیطمئن قلبی تحیرات اور استعجاب کو اطمینان سے بدل کرین اور منکرین جو ایسی حکایات اور معاملات مستترہ پردہ بشریہ کا اصل نبوت اور کلام الٰہی سے منکر ہین دلائل عقلی سے معقول ہوکر گنجایش انکار کی نہ پاوین خصوصاً ہزارون معجزات نبوی جو کتب مبسوطہ اسلام مین مجتمع ہین مگر کلام اللہ مین اونکی شرح و بیان مثل تصریح معجزات انبیاے سابقین کی کمتر ہے اس سبب سے حجت انکاری

وہ بحث بزجر استنکاف یا وہی جانب خطر ہو وہی حجت الزامی موجود ہو اگر زعمی سے
کہا منقولات قرآن و حدیث کو مانتے نہیں اور معقولات مین حجت عقلی پیش کرتے ہین تو ہنوز
اسکا جواب متقدمین یون لکھ گئے ہین کہ مصرع آنکس کہ بقرآن و خبر زو نرہی + اینست
جوابش نہ دہی + مگر ایسی جگہہ متقدمین اور انکار نبوت مین عقلا کو سکوت کرنا محمول عجز
جواب پر اور دلیل غلبہ حجت منکرین اور باعث ضعف ایمان عوام بلکہ باعث تبدیل دین
اور مذہب عوام کا ہوتا ہے کما ہو ظاہر ناچار جواب معقول اور موجہ عقلی
دینا چاہیے کہ منکر معقول پسند کو بھی سوائے تسلیم کی چارہ اور انکار کی مجال نہو پس ایسا
جواب معقول عاقل پسند بدون بیان سوالات انکاری منکرین کی کب سمجھ مین آتا ہے مگر
اس طرح سے پردہ بھی تردید اور ابطال منکرین کا علانیہ دو بدو کرنا آخر کار جانب خطر سے
خالی نہین نہ کسی کو بمقابلہ منکرین پایہ جوابدہی کا نہ مجال سخن نہ مقتضاے وقت نہ مقتضاے
عقل کہ مصرع نہ قاضیم نہ مشائخ نہ محتسب نہ فقیہ + مرا چہ کار کہ منع شراب خوارہ کنم
نتیجہ ایسی مقامات مین جو بمقابلہ منکرین نبوت سب مسلمان محمدی ایک ہین انکو
چاہیئے کہ آپس کی نزاع اور نفسانیت کو موقوف کر کے مضامین اثبات نبوت مین
دلایل عقلی سے متفق القول ہو جاوین تا اختلاف ہمدگر بین المسلمین باعث حجت منکرین
کا نہو جاوے کس واسطے کہ اصل اقرار نبوت مین سب فرقہ اسلام کی واحد ہین کہ تہتر
فرقہ متعارف ہین خصوصاً حضرات امامیہ اور اہل سنت کہ بہ نسبت اور فریق کی اونکی قدر
آپس مین نزاع اور عداوت اور تناقض بھی نہین بلکہ باہم معاشرت اور موانست اور

امر بدیہی واضح ہے بلکہ مشاہدہ ابتدا سے چلی آتی ہے پس ہر حالت میں منکرین کی بات
قابل ہو کر یہ قول منکرین اور جواب وجہ مقتضائے وقت اور عقل ہو مگر اہل اسلام
کو ضرورت ہے کہ واسطے رد ترددات اور شبہات عوام اور اطمینان خواطر خواص کے
دلایل معقولہ سے بھی اسی وجہ سے تحقیق کر لیویں تا اقوال معقول تمامی منکرین سے بخوبی رد ہو
اور مختصر جواب در باب ضعف دلائل شہود بس اقوال منکرین کی کہ نقل کفر کفر نباشد
بتمام انکار نبوت معاذ اللہ اس قسم کی ہیں کہ ہم رجوع رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کو نہیں کہتے بلکہ حکیم عاقل کہتے ہیں اور تحقیق اس طرح کی لاتے ہیں کہ سب
اقوال اعمال اور افعال اور احکام شریعت اور معاملات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
حکیمانہ اور تدابیر عاقلانہ ہی ہیں مثلاً جیسے اکثر انبیائے سابقین نے مثل حضرت ابراہیم
اور موسیٰ اور عیسیٰ وغیرہم علیہم السلام کو ہر چند ہر طرح کے کافروں کے ہاتھ سے اذیتیں اٹھانا
مگر پھر بھی آخرکار فقط تن تنہا بذات واحد نے بدون اجتماع اور امداد افواج ابنائے جنس کی
کفار پر ظفر پائی محض معجزہ و موت سے سب کا خفتہ کا اول اور استیصال اور غلبہ تمام کفار پر ہوا جیسا
کہ نمرود اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ادنیٰ ضعیف پشہ سے ایسے بادشاہ ہفت اقلیم پر کہ
دعوی خدائی کا کرتا تھا اور جنت آتش نمرودی سے اور آخرکار فدیہ بھیجا واسطے حضرت
اسمٰعیل علیہ السلام کے اور کند ہو جانا کارد ذبح کا اسی طرح سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی
امداد نمایاں کر دیا ہیں راہ ہو گئی اور ادھر دریا میں اودھر آن واحد میں تمام لشکر فرعون
کا مع تمام قوم کے غرق ہونا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آخرکار بعد انتہائے مظالم کفار کا آسمان پر

او شمر جانا بیہ سبب ملائکہ کے امداد افواج نمایاں اور بحیلہ عالم اسباب اور بے تدابیر انسانی محض عالم
غیب سے معجزات نبوی واقع ہوئی کہ کسی کو مجال انکار کی نبوت مین باقی نہ رہی علی ہذا اکثر
معجزات نمایان انبیاے سابقین کے خود اہل اسلام معترف اور کلام اللہ مین بصراحت تمام
بیان ہے بخلاف نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ سلم کے کہ سب معاملات اور غلبہ یا مغلوبی یا
ہجرت بطور بادشاہان تدابیر انسانی سے واقع ہوا جیساکہ اکثر بادشاہان سلف کو
مثل تیمور وغیرہ کس طرح کا غلبہ اور تسلط ہوگیا کہ معجزہ اور نبوت کو کچھ دخل نہتھا تدابیر عاقلانہ
اور حکیمانہ بحیلہ اسباب ظاہری تھا اور معجزات بھی مثل معجزات انبیاے سابقین کلام اللہ
سے ثابت نہین ہین جو امداد ملایک کے کبھی ہزار کبھی تین ہزار کبھی پانچ ہزار کلام اللہ سے
بیان کرتے ہین وہ بھی عجب امداد تھی کہ کسی کو مثل پشہ نمرودی بھی نظر نہ آئی اور باوجود امداد غیبی
طرفین کے لوگ قتل اور شہید ہوے اور شان امداد غیبی کی یہ نہین کہ ادنی امداد پشہ سے
سر سو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ضرر نہوا اور نمرود کا تمام لشکر غارت اور فنا ہوگیا چہ جا
کہ پانچ ہزار فرشتون کی امداد اور پھر مقاتلہ طرفین کا واقع ہوا کہ جیسا کہ ابناے جنس مین
ہوتا ہے معاذ اللہ کو خوف اور مجبوری کیا تھی کہ اس قدر ملایک کی مدد بھیجی اور کسیکو
کفار اور مسلمین کو علانیہ نظر نہ آئے اور در صورت مدد غیبی اس قدر ہجوم ملایک کی کیا
حاجت تھی فقط ایک اشارہ پر جبرئیل کا کافی تھا اور ایسے نبی برحق کو خوف کفار سے فرار
کرانا اور غار مین عنکبوت کی جالی مین چھپانے مین اللہ کو کون مصلحت تھی مثل حضرت
ابراہیم اور حضرت عیسی السلام کے کہ علانیہ معجزہ نمایان نہین بچا سکتا تھا علی ہذا معرکہ

جیساکہ عیسائیون کی بارہ ٹولیون مین اور اقوام ہنود مین باہمدگر اختلافات اور تضاد بیتیرا
ہین کہ باہم مصاہرت اور مواصلت اور مطعام نہین ہوتے ہین اور ایک معبد مین عبادت
نہین کرتے اس قدر محمدیون مین بین المومنین کہان تناقض ہے مصداق ستفترق
اُمّتِی عَلٰی ثَلٰثٍ وَ سَبْعِیْنَ فِرْقَۃً کُلُّھُمْ فِی النَّارِ اِلَّا وَاحِدًا تہتر فرقے ایک امت
محمدی مین ہو گئے کہ تفصیل اسکی دراز ہے اور کتاب دبستان مذاہب مین بشرح وبسط تمام
مذکور ہے مگر باہمہ افتراق اور تعدد اوسطرح کا تضاد اور تناقض محمدیون مین کم تر ہے
کہ مصاہرت اور مطعام بالکیہ بگڑا ہو خصوصا حضرات امامیہ و اہل سنت مین جو بہ امعان
نظر اور انصاف سے ملاحظہ کیا جاوے اور نفسانیت اور خودپسندی کو دخل نہ دیا جاوے چندان
تناقض بھی نہین اور بظاہر آپسمین کی موافقت اور معاشرت بلکہ مواصلت ہمدیگر دلیل
کمال اتفاق اور اتحاد اور محبت کی ہے جو کچھ کہ بجای خود باہمدگر گفتگو ہے با خود ہی مگر بمقابلہ منکرین
طرف مقابل بلاشبہہ متفق اور شریک حال ہمدگر ہین چنانچہ بزمانہ شورش ہنود ہنودیان گئو کشی
کے اتفاق سارے جناب نصفت مآب قبلہ کعبہ مجتہد العصر والزمان ذوالمجد والعلی بالقاب کا
مومنین سے بالاتفاق ہی شرح اس موافقت اور اتحاد ہمدگر کی بعد حذف افراط و تفریط طرفین کے
کتاب اصلاح ذات البین مین مذکور واقعی ہے بہر حال جو کچھ کہ نزاع لفظی اور گفتگو
فروع مین بین المومنین ہے آپسمین بجاے خود ہے نہ بمقابلہ منکر طرف مقابل کے اور خود ظاہر
و بالاتفاق ہے کہ ہنگام ظہور حضرت صاحب الامر علیہ الصلوۃ والسلام سب منکرین جانب
مقابل باہمہ تضاد و تناقض ہمدگر کے متفق ہو جاوین گے پس عجب نہین کہ ایسے وقت مین

فریقین کے نزدیک بالاتفاق ٹھہرے جیسا کہ کتاب اسرار کربلا مین موجہ اور مدلل بنصوص آیات
قرآنی ہی لکہا گیا ہے اس صورت مین دشمنان اہل بیت سے کون ایسا مومن ہوگا جسکو تبری اور
بیزاری نہوگی مگر کلام اسی مین ہے کہ جنکی عداوت اور مظالم ظاہر ہو کر حد اعلان یا اور تواتر سے
گذر کر اور عدم توبہ اور اصلاح اور استغفار تادم مرگ بتواتر ثابت ہے اونکے تخصیص اسما مین بہی
کسی مومن کو کلام نہین چنانچہ اسی واسطے کتاب اسرار کربلا لکہی گئی او سمین بتصریح اور تخصیص
تمام نصوص مصرحہ آیات قرآنی مع دفع اعتراض منکرین بدلائل عقلی و نقلی موجہ اور مدلل
بیان کیا گیا۔ فَلْيَنْظُرْ ثَمَّہٗ اور جن اخیار کا ایسا حال نہین ہے بلکہ صلاح اور تقوی اور
موافقت اور معاشرت بلکہ مصاہرت اور مواصلت باہمدیگر اور خیر عاقبت اور حسن خاتمہ و اتقی
ظاہر اور نمایان متفق علیہ ہے کہ قرب قبر نبی سے زیادہ کون دلیل حسن خاتمت کی ہو سکتی
ہے اور قرب قبر صریح نمایان اور متفق علیہ ظاہر و باہر ہے فَضْلًا علیہ کہ نصوص قطعیہ بتصریح
تمام اور متواتر احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اونکی فضائل مین علاوہ ہین ایسے اخیار کی
تخصیص اسما مین اگر نفسانیت کو کام نفرماوین غالب ہے کہ کسی مومن اہل انصاف کو جرأت
نہوگی کہ منافی احتیاط ہے جیسا کہ اسی زمرہ اما سید ارباب انصاف مین مرزا کاظم علی صاحب
گذر گئے ہین کہ بمزید احتیاط کف لسان واجب تر جانتے تہے اس صورت مین بمقام انصاف
اور ترک نفسانیت وہ اختلاف خفیف بہی بمیان ہمدیگر باقی نہین ہے لہذا مختصر بیان اتفاق
مذہبین مین رسالہ **اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَیْن** لکہا گیا اگر ارباب انصاف بدیدہ انکار
ملاحظہ نکرین گے امید خدا سے ہے کہ البتہ انصاف کو کام فرماوین گے بہرحال یہان غرض

سکے ہوتا اور کچھ فائدہ مترتب نہوتا اور فائدہ یقین کا طرف ثانی کو نہ بخشتا اور اوسہر مرتبہ
غلوے تسنن مین ضعف آتا اور عوام اہلسنت کیا کچھ کہتے اور بجاے خود طعن کرتے اور
الزام دیتے پس اس وجہ سے اس کاتب الحروف کی ہمہ العمر اوس دربار اور سرکار امامیہ مین
باہمہ تقرب اور پیش آمد اور حضوری خاص بکمال غلوے تسنن اور خودداری اللہ تعالی نے
بخوبی تمام بسر کردی والحمد للہ علی ذالک وراب وقت او عہد اور ہی ایسے عہد مین جو اوس
اختلاف خفیف کو بحکم نفسانیت طول دیکر نزاع بین المومنین بڑہائی جاوے اور ایک
دوسرے کی تردید کیا کرے ایسے مضامین منکرین جانب مقابل کے واسطے حجت الزامی
ہو جاتی ہین کہ محمدیون مین بین المسلمین ایسے تعارض واقع ہین کہ ایک دوسرے کی تردید
کرتا ہے اِذَا تَعَارَضَا تَسَاقَطَا اس صورت مین لحاظ کیا جاوے کہ بات کہان سے
کہان تک پہونچتی ہے یہان تک کہ ایسے اختلافات آپس کو حجت قرار دیکر کلام اللہ
مروج عام مین بہی کلام کرتے ہین اور اقوال متعارض ہمدگر کو جو بجاے خود مقام مناظرہ
مین بین المومنین واقع ہوتے ہین حجت گردانتے ہین پس ایسے وقت مین البتہ اوس قدر
اعلان نزاع اور نفسانیت بین المومنین مناسب نہ معلوم ہوئی اور وہ مقام خودداری
اور نفسانیت اور احتمالات کا بہی باقی نہ رہا کہ کوئی خوشامد یا زمانہ سازی یا خوف پر
حمل کرے اس نظر سے ایسے وقت مین اوس مایہ نزاع خفیف کو اصلاح سے بدل کرنا
نہایت اولی اور انسب معلوم ہوا کہ عند الناس اور عند المصلحت اور عند اللہ محمود اور
منصوص بلکہ مامور ہی کہ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ لاجرم اس

بطرف اہل سنت و وجوب محبت اہلبیت رسالت کی مقدم ساطرہ بمقابلہ طرف ثانی سیدیت
سعیدیہ پر کمتر اثبات اور یہی زیادہ تر باعث عداوت و بدگمانی طرف ثانی کا ہوتا تھا اور سکو ایسے
وقت میں سعیدیہ پر ظاہر کرنا صحیح نہ ہوا تا آپس میں اصلاح اور موافقت واقعی بین اہل بیان
موجب اور ست ہو محبت اہلبیت کا دلوں سے جاتا ہے اور سکو محبت الزامی ثابت نہ آوے
اس واسطے اول آ رسالہ مذکور و اصلاح ذات البین لکھنا ضرور ہوا بعد اوسکے رسالہ
اسرار کربلا موجہ اور مدلل بہ نصوص از روئے آیات قرانی لکھا گیا اور جس بیان
اور رابطہ معرب ہوا محبت اہلبیت رسالت کا از روئے نصوص قرآنی بواقعی ثابت کیا
گیا کہ کسی کو فریقین میں مجال سخن ہو اسی بطرف سے یہ رسالہ اسرار الصوت بھی لکھا مشتہر
ہوا اما وہ بدعات تازہ و مضامین مولودات شریف کے باقی رہے ہیں اور مضامین بھی
حقہ از روئے آیات قرآنی ہو ویں اور اصلاح میں اوس میں بھی ہو جاوے اور اسکا بیان
کو بھی محبت الزامی ثابت نہ آوے کس واسطے کہ مضامین ماتم امام علیہ السلام اور مضامین
بیان ذکر مولود شریف کی اکثر مجالس اور محافل میں بلا مطابق روایتیں بکثرت تمام
عام و خاص میں رواج ہے فی الحال علیہ کہ آیات قرآنی سے ایسے مضامین لکھے جاویں
کہ عبادت کامل ہو اور مبالغات تازہ اور مبالغہ شاعرانہ اور ضعف روایات غیر معتبر
سے ہو چونکہ مضامین منسوبہ آیات قرآنی میں کسی کو فریقین میں مجال سخن نہیں ہو سکتی ہے
اس واسطے امید خدا سے ہے کہ دونوں بجائے مرثیہ اور سلام کے کتاب اسرار کربلا کو اور
بجائے کتب غیر مستند مولود شریف کے کتاب اسرار الصوت کو پڑھا اور سنا کریں تا اتفاق بہم لطیف

کی یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ نے اس اپنے نور ذاتی کو اس عالم ظاہر مین پردہ بشری مین
چھپا کر زمین پر نام اسکا محمد ﷺ اور آسمانون پر محمود اور زبان ملایک پر احمد ظاہر کیا ہے
اس رعایت پردہ بشری کی ہر جزئیات اور معاملات اور معاشرت دنیوی مین رعایت
کی ہے یہان تک کہ مکے سے ہجرت فرمانا اور غار مین چھپانا اور عنکبوت اور کبوتر کو حکم جالا لگانے
اور آشیانے مین انڈا رکھنے کا اور قوت غلبہ اسلام بہی بحیلہ ہاے عالم اسباب تاخت اور
غارت قوافل کفار سے ظاہر کرنا حتی کہ امداد ملایک بہی باخفا پردہ بشری مین بھیجنا آئین
کیا کیا مصلحتین اور حکمتین اور خوبیان ہین کہ بقدر حصہ سچاے خود مذکور ہین اسلیے اسمین
مومنین کو مقتضاے کمال ایمان سکوت اور تسلیم اور امداد ملایک کی بفاد نصوص اور
اخبار قرآنی تصدیق اور ایقان ہے مگر منکرین کو ہمیشہ سے انکار ہے کہ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ
يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْأَسْوَاقِ خود اللہ تعالیٰ اقوال منکرین بیان فرماتا ہے
پس منکرین جو خود اصل نزول کلام اللہ کے معاذ اللہ منکر ہین اور تصنیف نبی کی کہتے ہین
کب ایسے امداد ملایک اور اخبار قرآنی کے قائل ہو سکتے ہین اور مقام انکار مین کہتے ہین
کہ اللہ کو خوف کسکا تہا اور اس قدر چھپانے اور چوری کرنے کی کیا حاجت تہی مثل اور انبیاے
ماسبق اولوالعزم کے علانیہ امداد نمایان کا کون مانع تہا کہ معجزہ نمایان ظاہر ہو جاتا اور کسیکو
انکار کی مجال نہ ہو سکتی معہذا پانچ ہزار اور تین ہزار فرشتے مخفی مدد کو پہنچے اور پہر بہی
طرفین کے لوگ قتل و شہید ہوے حال آنکہ ایک پر پشہ کی مدد غیبی تمام لشکر نمرود اور حفظ
لشکر اسلام کو کافی ہو گئی اسی طرح جس نبی کو کسی طرح کی کچھ مدد غیبی پہونچی فقصہ حکم کن فیکون

بدل ہوکر باعث تقویت ایمان ہوا اور عجز جواب مین نہ ہوا او دہر منکرین کو بھی گنجایش سخن اور حام فریبی کی باقی نہ رہی ع چہ خوب شد کہ برآمد بیک کرشمہ دو کار - اسی نظر سے زبان حام فہم مین لکھنا ضرور ہوا اور وہ مصلحتین اور اسرار حکمت الٰہی اس اخفای پردۂ بشری مین مشتہر مین بیان کر دی گئین کہ اس ہجرت مین اور اخفای امداد ملایک مین ایسی ایسی مصلحتین اور خوبیان تہین تا مومنین کی حیرت اور تردد دفع ہوکر عجز جواب مین نہو اور منکرین کو جواب معقول و موجہ معلوم ہوکر مجال انکار باقی نرہی اور اسی ضمن مین شمائل شریفہ اور فضائل نبوی از روے آیات قرآنی بیان ہونا باعث مزید ثواب ہے وجہ چہارم یہ ہے کہ اس ہیت کذائی سے تواتر مجالس مولود شریف کا سابقین اور تابعین اور تبع تابعین اور مجتہدین فقہای شریعت سے منقول نہین پس لامحالہ بدعت تازہ متاخرین کی سمجہا چاہیئے مگر بہر حال بدعت حسنہ خالی از اجر و ثواب نہین اور ایک راہ سے اطلاق بدعت بہی نہین ہو سکتا ہے کہ ذکر شمائل اور فضائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہر حال مین عبادت اور شعار سب اسلاف متقدمین کا ہے پہر بدعت کسطرح ٹہری مگر یہ کہ ان صحبتون مین فقط ذکر و بیان تین امر کے اکثر تخصیص اور تواتر علی العموم ہے اول حکایات ایام ولادت اور رضاعت دوم مجملاً بیان حال معراج شریف سوم بیان معاملات وفات شریف اسی طرح سے مجالس ماتم امام علیہ السلام مین بیان واقعات کربلا از روے روایات متعارفہ متعارف ہے ایسے مضامین اور اسرار حکمت الٰہی آیات بینات کلام اللہ سے کمتر بیان کرتے ہین کہ عبادت کامل ہو اور ضعف روایات اور بدعات افراط و تفریط سے

دوم قسم بعض مضامین ایسے بھی ہین کہ فریقین مین کسی کی موافق اور کسی کی خلاف پس جسکو
خلاف ہوتا وہ بحکم نفسانیت اور تعصب کی لانسلم کہتا کہ کتاب طرف ثانی کی روایت
ہم نہین تسلیم کرتے جیسا صحاح ستہ ایک فریق کے نزدیک مسلم الثبوت اور دوسرا کا
نسلیم کہنا ہے اور بیان مقصود مصالحہ ہے نہ مناظرہ مثلا بیان مرتبہ
اجر و ثواب محبت اہلبیت جزو ایمان ہے یا بیان مرتبہ ماتم سالان حسین کہ شہدائے
کربلا کی برابر بلکہ زیادہ تر ہے اسکو اگر کسی کتاب غیر مستند یا روایت منقولہ غیر معتبر
لکھا جاوے نے شبہہ طرف ثانی کو دل سے اوسکے تسلیم مین تردد ہوگا گو بظاہر زبان سے
آمنا وصدقنا کرا کرے اسواسطے ایسے مضامین کو آیات متواترہ کلام اللہ سے موجہ اور مدلل
ثابت کرنا ضرور ہوا کہ کسی کو فریقین مین کسی طرح کا تامل اور تردد اور مجال کی لانسلم
باقی نرہی اور سوائے تسلیم کے چارہ نہو وجہ ششم یہ ہی کہ اس طرح کے تالیفات مین
اصلاح ذات البین اور رواج عام مراد ہوتی ہے نہ مناظرہ تاکہ فریقین مضامین
منصوصہ متفق علیہ فریقین خالی از نفسانیت اور بدون جانبداری احدی الطرفین
دیکھکر بلا تامل بجاہای خود یا مجالس ماتم اور صحبتہای محلہ کرین مذاکرہ اور ملاحظہ کیا
کرین کہ ایسے وقت مین اصلاح بین المومنین مصلحت وقت ہوتا ہے جیسا کہ پیشتر
تذکرہ ہو چکا ہے اسی نظر سے منقولات کتب فریقین ترک کرکے سب مضامین از روئے
آیات منصوصہ متفق علیہ بتصریح و تطبیق تمام لکھنا ضرور ہوا کہ کسی کو گنجایش تاویل
و تردید کی باقی نرہی چونکہ مرتبہ محبت اہلبیت رسالت اور مراتب اجر و ثواب ماتمیان

اور توضیح ست بالتفصیل مذکور نہ کیا برعایت نسق کتاب اللہ کے کنایہ لکہکر حرف الی آخرہ
پر اکتفا کی ہر کہ الکنایۃ ابلغ من التصریح کسواسطے کہ حالت خاص اس تالیف سے ایسے وقت
بین اصلاح ذات البین اور اتفاق بین الفریقین بین مناظرہ تا ارباب انصاف حضرات امامیہ بہی
کہ اسی تخصیص سے صحبت مولود شریف کا کمتر التزام کرتے ہین اگر نفسانیت کو کام نفرمائو
کیا عجب ہے کہ ایسی کتاب کی ملاحظہ اور مذاکرہ مین تامل نہ فرماوین اور اگر ذکر صحابہ کا
اوس تصریح سے جیسا کہ ارباب سنن مین متعارف ہین بیان کیا جاتا خود ظاہر کہ ارباب تقلی
کب متوجہ ہوتے بلکہ بمقام تردید اور انکار مین تاویلات اوٹھاتے اور رسایل اسکے رد مین
لکہتے پہر وہ صورت اصلاح کی جو یہین مقصود بالذات ہے کہان باقی رہتی اور بالعکس نزاع
لفظی اور نفسانیت کو ترقی ہوتی اور یہ نزاع بین المومنین خصوصاً ایسے وقت مین ہرگز
مناسب وقت نہین جیسا کہ پیشتر مذکور ہوچکا فافہم و تدبر اسواسطے خاصۃً ایسے
مقام مین اوس تصریح سے جیسا متعارف ہی مناسب مقام اور وقت نہ معلوم ہوا لاجرم
اجمال پر اکتفا کی کہ خود کلام اللہ ناطق ہے عیان راچہ بیان اور موافقت اور معاشرت اور
مواصلت اور محبت بلکہ فدویت اہلبیت بہی اور خیر خواہی ہر معاملے مین ظاہر اور باہر ہے
کہ کتاب اصلاح ذات البین مین بتصریح تمام لکہا گیا یہان ایسے بیان کا کون مقام تہا کہ
مناسب ہے نہ مناظرہ **وجہ ہشتم** یہ ہے کہ سب معاملات ظاہر اس نور خدا کی جو پردہ بشری
اور حیلہ ہائے عالم اسباب مین بظاہر مستتر ہین وہ سب ظاہر اور متعارف علانیہ ہین اسکو
کون نہین جانتا ہے اور جو کوئی لکہتا ہے بطور قصص و حکایات کے بہی معاملات ظاہری

کہ اللہ تعالیٰ نے جو اپنے نور ذاتی کو پردہ بشریت میں چھپایا اور بر خاصیت اس پردہ بشریت کے
سب امور اور معاملات مانند وجود ظاہری مثل ادنیٰ ترین بندگان کے بکمال مسکینی اور تہیدستی
اور شکست اور مصائب کے ظاہر کئے یہ خود ظاہر اور باہر ہے یا انکار منکران اور امتحان عقیدت
مومنان ہو کر اسکی مصلحتیں اور خوبیان موجہ اور مدلل بجائے خود مذکور ہین اسطرح کے
مضامین ظاہرا و متعارف کو سب بیان کرتے ہین مگر شان ظہور اس نور ذاتی کی کہ کب
ظاہر ہوگا اور کسطرح ظاہر ہوگا اور ماہیت اور اصل حقیقت نور محمدی کی کیا ہے بہ تطبیق آیات
و آیات کمتر بیان کرتے ہین کہ مفہوم معنی اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ سے کیا مراد ہے لہذا
جلوہ ظہور شان محمدی بقید روز اور وقت کلام الہی سے بیان کرنا ضرور ہوا کہ بلاحظہ نظیر
کامل مرتبہ شہود اس نور ذاتی کا حد سماعت سے ترقی کرکے ہر سامع کو بچشم ظاہر معائنہ ہوجاوے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ السَّارِيْ فِيْ جَمِيْعِ اٰثَارِ الْاَسْمَاءِ وَ
الصِّفَاتِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا و وجہ بازدہم یہ کہ حکایات اور معاملات
ظاہری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو متعارف اور نمایان ہین اسی کو اکثر بیان کرتے ہین
کہ تحصیل حاصل ہے عیان را چہ بیان چہ حاجت است بمشاطہ روی زیبا را + لہذا بیان
بیان حقیقت محمدی ضرور ہوا اور وہ ادراک بشر سے باہر اگر عین ذات اوست کہا جاوے
ادب شریعت مانع آتا ہے اور مقام حقیقت مین کچھ تعریف اور ترجیح اور تخصیص نہین پائی
جاتی ہے کہ ہر ذرہ عین اوست کہتے ہین پھر اس شان محمدی کی کیا تخصیص ہوئی اور اگر
غیر اوست کہا جاوے تو کچھ بات نہ ہوئے پھر کیا کہا جاوے مشکل حکایتی است کہ ہر ذرہ عین اوست

لیکن یہ بھی تو ان کو حکایت نہ کرتا پس ملاحظہ ہو کہ ایسا مضمون ادراک بشر میں کسطرح
آ سکتا ہے جب ادراک میں نہ آیا تو الفاظ سے کسطرح ادا ہو سکتا تو پھر ایسے مضمون کا زبان قلم
سے اسطرح ادا ہونا کہ سامع مطلب صحیح کی سمجھ اور ادراک میں آجائے الہی کے انبیاء کی
انتہا یا اولیا کا ہستہ نہیں۔ مضمون اس کا کہ محض تائید غیبی سے صورت دار قلم سے نکلا ہے
البتہ لائق غور اور ملاحظہ ارباب باطن کی ہے ہماری بحث کہ ارباب ظاہر سے بالکل ہی
گفتگو کرے نہیں وجہ دوازدہم یہ کہ اکثر انبیاء و اولوالعزم کا ایک لقب خاص اللہ کی نسبت
سے اللہ ہی ہے کوئی خلیفۃ اللہ کوئی نبی اللہ کوئی خلیل اللہ کوئی کلیم اللہ کوئی روح اللہ
علی ہذا القیاس القاب اور اسمائے صفات بہت ہیں کہ محتاج بیان نہیں مگر لقب خاص اور
کامل و خطاب اعظم عَبْدُہٗ ہے کہ عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اور عالم ظاہر میں بھی محمد ابن عبداللہ
نام ظاہر ہے پس جسطرح اوس حکم مطابق ارادہ ربانی کو اس پردہ بشری میں کمال مسکینیت
اور تہیدستی اور یتیمی اور فقر و فاقہ میں چھپایا ہے اوسی طرح سے اس لقب و خطاب خاص کو
بھی ملاحظہ ہو کہ بظاہر کس پردہ تعمیم میں چھپایا ہے کہ لفظ عَبْدُہٗ کا بظاہر کہنے میں عام معلوم
ہوتا ہے کہ علی العموم نسبت ہر بندہ کے اطلاق ہو سکتی ہے بظاہر مثل روح اللہ اور کلیم اللہ
اور خلیل اللہ تخصیص صفت نہیں معلوم ہوتی ہے اور پھر اسی لفظ عَبْدُہٗ سے
بس اللہ اور اشرف ہے اور کمال بہ شان ہمہ اوست عبودیت اور جامعیت اسی لفظ میں مرتسم
ہو رہا ہے لہذا اسی لفظ عبدہ کے اور بعض نصوص قرآنی کی شرح و بسط بیان کرنا ضرور ہوا تا کہ
تعمیم ظاہری لفظ سراسری نہ معلوم ہو سبحان اللہ کیا مرتبہ اور شان اور مقام اعظم اس ایک لفظ

عجائبات ہیں مستتر ہیں کہ لطف اسکا عند الملاحظہ اخر کتاب میں معلوم ہوگا وجہ سیوم یہ کہ فضائل درود کی جسقدر کلام اللہ اور احادیث معتبرہ سے بے حد و حساب ثابت ہیں محتاج بیان نہین مگر اسقدر فضائل بے حد و حساب کی وجہ بدلیل عقلی کمتر کسی نے لکھی ہے لہذا اوسکی وجہ معقول عاقل پسند بہ نظیر دلپذیر لکھنا ضرور ہوا کہ اواخر کتاب مین مرقوم ہے وجہ چہارم یہ کہ جسطرح معجزات اکثر انبیا کی بتصریح تمام کلام اللہ مین بتواتر مذکور ہین اوسطرح سے معجزات اس معجزۂ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام اللہ مین کمتر مذکور ہین حال آنکہ معجزات آنحضرت بے حد و حساب اور ہر حرکت اور سکون اور قول و فعل اور خواب بیداری آنحضرت کا معجزہ تھا مگر باوجود کثرت اور تواتر کلام اللہ مین کمتر مذکور ہین اس سبب سے منکرین نبوت کو عوام ناواقف کے دھوکھا دینے اور الزام دینے کی بڑی گنجائش ہوتی ہے کہ اور انبیا کے معجزات قلیل بلکہ اُجاً سب کلام مین مثل ناقۂ صالح یا عصائے موسوی یا اعجاز مسیحائی وغیرہا بتصریح تمام مذکور ہین اور نبی آخر الزمان کا جسپر کلام اللہ نازل ہوا باوجود کثرت معجزات کوئی معجزہ کلام اللہ مین مذکور نہیں اس صورت مین جو کتب اسلامیہ مین معجزات نبوی مرقوم ہین کب ایسا منکر تسلیم کریگا لہذا اسکی وجہ موجہ اور معقول کہ مایۂ سکوت منکرین اور مزید اطمینان اور ایقان مومنین ہو لکھنا ضرورتر ہوا خصوصاً ایسے وقت مین کہ اس قسم کے مغالطہ الزامی اکثر جاری ہین ہر مومن کو ایسے مضامین معلوم ہو جانا مناسب تر معلوم ہوا تا از راہ ناواقفی مغالطہ نہ کہاوین اور جواب معقول مین عاجز نہووین یہ بہی اواخر کتاب مین مرقوم ہے وجہ پانزدہم پنجم یہ کہ اکثر ارباب مانند مولوی شریف مین ذکر عدم مغفرت اور معذب ہونے والدین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ممنوع ہونا

حیثیت مذکور ہے اب معلوم کرنا چاہیئے کہ جب بحکم فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ بندگان
خدا واسطے ذکر خدا کے مامور ہوئے تب بمفاد اَذْكُرْكُمْ خدا کی طرف سے
بھی ذکر بندگان ذاکر کے مذکور ہونا لازم ملزوم ہوا پس لحاظ کرنا چاہیئے کہ اس ذکر خدا سے
فاضل تر کون عبادت ہو سکتی ہے فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ پس ظاہر اور منصوص
بالاتفاق ہے کہ کوئی عبادت فاضل تر ذکر خدا اور رسول سے نہین کما نص علیہ القرآن
اُتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَ
الْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ ہر چند نماز اور تلاوت کلام اللہ بھی داخل ذکر ہے
یہان اوس سے جدا کر کے بلفظ اکبر تخصیص فرمائی اس سے صریح پیدا ہے
سوا نماز اور تلاوت کے بھی کوئی صورت ذکر الٰہی کی ہے اسمین بہت کچھ لوگون نے
لکھا ہے کہ شرح اوسکی دراز ہے علی الخصوص کاتب نے بھی بقدر اپنے حصہ کے کتاب
لمحۃ الایمان مین مقام ہفتم منزل پنجم مین شرح کی ہے فلینظر ثمہ چونکہ ذکر اوسکا
دراز ہے اور یہان مقصود اوس ذکر خاص سے ہے جو اکثر مجالس و محافل اور مساجد مین
بطور مواعظ اور نصائح کے آیات اور احادیث اور حکایات انبیا علیہم الصلوۃ والسلام سے
ذکر کرتے ہین خصوصًا ذکر خاص جو مجالس ماتم امام علیہ السلام اور صحبتون مولود شریف
مین صحبت خاص قرار دیکر ذکر امام علیہ السلام اور ذکر محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم
باہتمام تمام کرتے ہین اسکا بھی اجر اور مثوبات حد و غایت سے زیادہ ہے ہر چند اس
قسم کی صحبتون مین بسبب افراط اور تفریط اور زور شاعری اور لفاظی اور روایات غیر معتبر

اور غیر مستند مصنوعی ہے وہ صورت عبادت کی کثرت تاریخی ہے اور علمائے محافظ شریعت
اسمیں اعتنا کرتے ہیں اور صحت تاریخ کرتے ہیں مگر اس لئے کہ اگر کسی زبانی نقل
کی ان تاریخ کے خالی ثواب بھی وکاشت کو یہ پتا نہیں کہ کسی پر اعتراض اور تخطیہ
کرے والعقدۃ تحت تکلیفہم خصوصاً مجالس مولود شریف کہ ایہ اجر جسمیں اسمیں کیا
سے کثرت اور تعمیم کی سعت او اطلاع و تعریف ہو اور بدعات اور ایجادات بار روز بروز زیادہ
ہوتی جاتی ہے اسکی تصریح کہاں تک کی جاوے یہاں تک کہ باظہار کمال جوش محبت
محمدی تمام زور انشا شاعری اور لسانی اور رنگینی اسی تمام میں صرف کرکے ابتذال امثال
مثل شاعرے اور مباحثے کے مجالس علی الاتصال قرار دیکر رقصاں اور وجد کناں اولی
و مرامیر سرایاں ہوتے ہیں یہاں تک کہ بطور زمزمہ اور ٹھمری کے الفاظ بندی سے ترکیب
دے کر گاتے ہیں کہ معاذ اللہ نقل کفر کفر نباشد علی کی دلہن فاطمہ کی بیاہ محمد کے صلی اللہ
علیہ وسلم یہ ذکر ان لوگوں کا ہے جو بڑے سرآوردہ مصنف اور اکثر مولود انکے ہین اکثر
مردم شہر بہر تمنا او دست نذری و عوض کرنے کے واسطے ترتیب مولود کے اسے گھر مین
لیجاتے ہیں سوا اسکے کبھی مولود شریف میں ذکر مناقب مرتضوی اور وسائل اہلبیت رسالت
اور ائمہ اطہار علیہم السلام کثر سنا گیا اسمیں بھی الحمد یہ ذکر تعصب بیدا ہے حال آنکہ جو محامد اور
فضائل خاندان رسالت اور ازواج امہات مومنین کلام الہی میں مذکور اور مشہور
ہیں انمیں کلام کسکو ہے پھر اسکے ترک کرنے مین سوائے تعصب کی کیا کہا جاوے بہر حال جو
کاتب کو یہ بھی پایہ نہیں کہ کسیکو الزام دے سکے سکر مال عیب جو نیستم دلطمہ

دیگران چہ زغم * مگر جس حال مین ذوالفقار خامہ و زبان ہاتہہ مین ہو اوس حال مین اسقدر
افراط اور تفریط کہ نوبت ٹپہ و ٹہمری اور رقص مزامیر کے پونہچی بچشم خود دیکہی جاوے
اور بعذر نکر ذہنی اور کسر نفس سکوت کیا جاوے خالب کہ شرع معذور اور معاف نرکہی
کہ حدیث صحیح ہے مَنْ رَاٰی مُنْکَرًا فِی دِیْنِ اللّٰہِ فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ وَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ
فَبِلِسَانِہٖ مَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ ذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ وَلَیْسَ وَرَاءَ ذٰلِکَ
حَبَّۃُ خَرْدَلٍ مِّنَ الْاِیْمَانِ یعنی جس شخص نے دیکہا کوئی منکر خلاف شرع یا بدعت امور
دین مین چاہیئے کہ تغیر دیوے اوس منکر کو اپنے ہاتہ سے مثلاً چنگ یا مزامیر یا بت یا آلہ خمر وغیرہ
اوسکو اپنے ہاتہہ سے توڑ ڈالے اور اگر یہ نہو سکے پس زبان سے یعنی بتاکید منع کرے اور اگر
یہ بہی نہو سکے پس اپنے دل سے کراہیت کرے اور برا جانے تا امکان اوس صحبت سے اوٹہ
جاوے اور نہین ہے سواے اسکے برابر ایک دانہ رائی کے ایمان یعنی جو ایسا بہی نکرے اور
بطیب خاطر روا رکہے اور گوارا کرے تو اوسکا ایمان دانہ رائی کی برابر بہی نہین باقی رہا
فقط کاش اگر بدعت حسنہ بہی ہو اور فضائل و شرائف نبوت بیان واقعی از روے آیات قرآنی
اور کتب معتبرہ کہ دفتر دفتر بیحد و حساب ہین بیان کئے جاوین یہ بہی ایک بات ہے اور
خالب ہے کہ دخل بدعت نہو جیسا کہ اس طرز بیان سے بصورت سرود مگر جون کہ اس زمانہ
مین بِیَدِہٖ اور بِلِسَانِہٖ کا کم کسی کو اختیار ہے اور بِقَلْبِہٖ اگر ہو وہ کسطرح سے بصورت ظاہر
معلوم ہو الا یہ کہ اظہار اور تردید اوسکی تا امکان اگر بفضلہٖ بآئین شایستہ ممکن ہو
البتہ دریغ نکرنا چاہیئے ایسے مقام مین بحکم وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا کسی کا تخطیہ اور عیب گوئی

اور تردید اینا دستور ہوا اور منع بھی ہے پھر آور کی ایسی جگہ سوا اسکے کیا ہے دیدہ
کر بیٹا۔ وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوا عَنْهُ اوس طرف سے اونسوا دیدہ گردانی
کریگا تو کیا ایسے امکان میں ہوت ہارک درتلانی ہیں منع کیا جائے کہ اسلئے کہ
قطعًا منع اور انکار ایسی مجلسوں اور مجالس خیر اور برکات کا چاہیے اگر عشاق ہمیشہ
کی ادا اور طرز بیان صورت پاک انکی کر ذکر و فضائل ایسے محبوب الہی اشرف الانبیا
کا کر سنا دیں سے عبادات اور بایہ اجر و ثواب جزیلہ ہے لہذا مشہور کہ میں [illegible] طہیر الانبیا
کو سوا اسکے کچھ چارہ نہوا کہ بعد امداد مبداء فیض اور تائید روح القدس جو کچھ کہ ہو سکے
وہ مضامین صحیحہ جو وارد ہوئے آیات منصوصہ متعلق حلیہ و فضائل بیان واقعی ہون ریتہ
حسنہ ادا اور بیان شریعت اور طریقت بیان کرتے جاویں کہ کسیکو مجال سخن نہو اور مرتبہ
عبادت اور اجر اور ثواب کا بھی تکمیل کو پہونچے اور دلوں پر بھی اثر کرے پھر یہان خیال
آیا کہ اگر یہی حکایات اور روایات اور معاملات اور سوانح متعارفہ عالم ظاہر کی ظاہر کیے
جاویں وہ خود ظاہر اور مشہور اور مدون دفتروں سیر اور تواریخ لبریز اوسکا بیان اول
تحصیل حاصل زیادہ تحقیق سابق سے کوئی کیا لکھ سکتا ہے اور اگر کچھ اپنی طبیعت اور
دماغ سے اوتار کر کے لکھی بھی وہ مثل بعض مضامین موجودہ شعرا مرثیہ گو کے معتبر کب
بلکہ داخل بدعت سیئہ ہووے اللہ تعالی نے اپنے نور والا کو پردہ بشری میں چھپا کر
اس پردے میں نام اوسکا محمد تجویز کر ظاہر کیا ہے صلی اللہ علیہ وسلم اور بہ رعایت
اسی پردہ بشری کے سب معاملات امد و لود اور رضاعت اور ولادت وغیرہ ظہور پایا

متعارف عادات بشری ظاہری بنا پردہ بشری اور عبدیت باقی رہی بس کیفیت
حالات وقت ولادت اور ایام رضاعت اور پرورش زمانہ صغر سنی کی کہ بظاہر مثل غربا
اور مساکین کے بکمال عسرت اور تنگدستی اور تکالیف کے واقع ہوئی لکھنے اور بیان کرنے
کی کیا حاجت کہ حسب عادت متعارف بہ رسم ظاہر زمانہ جاہلیت سب مراسم ادا ہوے ہونگے
اوسکے بیان کرنے مین کیا شرف اور فضیلت موافق شان اس نور ذاتی کی پائی جاتی ہے
اور اوس ایام مین جو کچھ عجایب قدرت ہای آلہی مثل شق صدر مبارک اور بعد ولادت کے ختنہ
ہو جانا آپ کا اور پھر یا لباس حریر جنت آپ کا ظاہر ہونا یا فرشتونکا واسطے زیارت شریف
کے آنا یا قبل ولادت شریف کے حضرت مریم اور آسیہ زن فرعون وغیرہ کا غیب سے
واسطے اداے مراسم ولادت اور خدمات وضع حمل کے آنا اور کاسہ پر از شیر بہشت سے آنا
یا عبد اللہ والد آنحضرت کو قبل نکاح کے زنان عرب کا بطمع نور محمدی اپنی وصلت کیواسطے
درخواست کرنا اور بہت روایات اسی اقسام کے جو اکثر مولودون مین بیان کرنا ضرور تر
جانتے ہین ملاحظہ ہو کہ ایسی روایات کا راوی کون ہے اور شناساے حضرت مریم آسیہ
زن فرعون کا اور شناساے نور محمدی کا صلب عبد اللہ مین اوس زمانہ قبل بعثت مین زنان
عرب مین کون تہا کہ جہان مردون کے بیان حال مین الْاَعْرَابُ اَشَدُّ کُفْرًا وَّنِفَاقًا
آیا ہے کہ بعد ظہور اوس نور کے ارباب مکہ نے کمتر پہچانا اور جسطرح بعداوت اور ایذا رسانی
پیش آئے خود معلوم ہے پہر ایسی روایات ضعیفہ کا کوئی راوی ثقات اہل اسلام سے یا سند
اوسکی آیات اور احادیث سے کہان سے نہ جو کچھ مرتبے اور شان اوس نور مجسم ذاتی کی عند اللہ

معنی اوس ارادہ سے آیات متشابہات کلام اللہ ظاہر اور باہر ہیں اونکو ترک کرنا اور اونکی متشابہ
مین بیان ایسی واہیات ضعیفہ غیر ثقات کا کہ شایان شان ایسے محبوب الٰہی کے ہے
بلکہ دون مرتبہ اونکی شان والا سے اوس نور مجسم کے ہے تقریر کیجے جو اسرار کہ ادب سے اونکی
جیب ہے بیاسے ہوں اور کہیں کلام اللہ اور احادیث صحیحہ مین اونکا بیان نہ ہو اونکو
بلا سند رونق مجالس قرار دیکر ادبار مجہول غیر ثقات کی زبان سے بہتمام کمال تر آئینہ اون
فضائل کو ہمیں بیان کرنا اونکو کمال عبادت سمجھنا کس لائق بیان اور مرتبہ ایسی بودوانی
کی ہے ہر چند اون روایات کی صحت او تصدیق میں معاذ اللہ کسکو کلام ہے کہ تو اونکو
موجب ہی اگر بمقام فضائل او رمراتب ایسے افضل البشر میں بیان کرنے کا کوئی عام
سبب کہ ظاہر ہے پردہ مسکینت میں بیٹہ جوے تھے اور کہیں کسی آیت و حدیث میں اونکا
ذکر اور اونکے بیان کا حکم او اگر حدیث میں کچھ مصائب حالات ہنگام ولادت اور ایام رضاعت
آپکی زبان مبارک سے تصدیق ہو جاوے تو بہ امر ہے کہ اوس حدیث کو بعینہ نام راوی
مروجہ مولودوں مین لکہدیا کریں تا ایجاد عبارات و تاثیرات اور ثواب واقعی ہوا کرے۔
یہ جو سخن ہے جو کچھ فضائل اور مراتب و حکایات اس نور خدا کے جید و حسان کلام الٰہی
مین اور احادیث اور کتب سیر و تواریخ مثل روضۃ الاحباب اور مدارج النبوت او رمعارج النبوة
اور فضائل النبوت او رشواہد النبوت او جذب القلوب وغیرہ مین صحیح اور بعض خصوصاً
جواہر التفسیر میں کسی شرح و بسط کے ساتھ لکھے ہیں اون سبکو یک قلم ترک کرکے خاص
حکایات ایام رضاعت اور ہنگام ولادت بہ تخصیص ایام او رباد ولادت اس اہتمام سے تحریر

قرار دیکر التزام کرنا ملاحظہ ہو کہ بعینہ بلا تشبیہ معاذ اللہ ماثا برسم ہنود کے کہ جنم اشٹمی
مین بقید ایام اور ماہ ولادت کنہیا عمل مین لاتے ہین اکثر مجالس ذکر حبیب اصلی اللہ علیہ وسلم
بہ نیت ثواب قرار دیتے ہین بابت تخصیص ایام خاص ولادت اور حکایات ولادت کے کیا اثر
تاریخ بست و ہفتم رجب المرجب کہ شب اوسکی شب معراج اور دن اوسکا یوم صوم کہ منظر کثرت
ثواب کے بانتظار روزہ ہزاری عوام مین نامزد ہے کیا برا ہے کہ اوسکو اختیار کرتے ہین جو مشابہ
برسم ہنود ہے فَاقْهَمْ وَتَدَبَّرْ پانچوین مراد ایسی صحبتون اور اس قسم کے اذکار
خاص سے نظر بمعنی اور تعقل مضامین اور نکات اور اسرار حکمت ہائے الٰہی مقدم تر اور
سمجہنا مضامین کا ضرورتر ہوتا ہے اسی مین ثواب بہی زیادہ ہے اور حدیث مین بہی
آیا ہے کہ یَتَدَبَّرُ مَا یَتْلُوْ وَیَعْقِلُ مَعْنَاہُ یعنی غور اور خوض و فکر اور تدبر کرے
اوس کا جسکا ذکر کرتا ہے اور تعقل کرے معنی اوسکے فقط اس صورت مین بقدر ادراک عقول
اور فہم بشری اگر مضامین موجہ اور مستند آیات منصوصہ قرآنی سے بیان کیے جاوین
بہ نسبت مضامین غیر متعارف اور غیر منصوص کی جو ادراک عقول بشری سے برتر اور دور تر
ہین اولیٰ تر اور مؤثر تر معلوم ہوتا ہے پس یہان مقام سخن کا یہ باقی رہا کہ
فہوم عوام سے کے مضامین عالیہ اور نکتہ ہائے باریک قرآن و حدیث کے نہین سمجہ
سکتے ہین شاید اس نظر سے بیان حکایات متعارفہ ہنگام ولادت اور ایام رضاعت اور
راویان ظاہر ایام جاہلیت پر اکتفا کی ہو پس یہان اندکے گوش دل اور چشم انصاف و نگاہ
ہے کہ اللہ تعالیٰ محض برعایت فہم و ادراک ہم کوتہ مضمون کم ادراک کی ایسی مثالون ظاہر

علما اور مشہور علما و محدث مفسر تک اور توضیح تمام سمجھاتے ملتے بعینہا اوسکا نقشہ
اور تصویر کھینچ دیے ہو کے ہر کے نکات سمجھ مین آجاتا کیا ملک بخشم للامر ماتیۃ وما تاہ کی وتلک
الامثال نضربہا للناس لعلہم یتفکرون لیکن تعالی مین واکثر معانی جو
مسمی مضمون و لوح سر غیب مین بیان کرتے ہیں وہ ہرگز عقل میں نہیں آتے ہیں سو اونکا
کوئی راہ ہی نہیں سو اونکے قرآن وحدیث ترک کرنے والون کے دلون میں شبہات اور
اعتراضات واقع ہوتے ہیں اور منکرین کو حجت الزامی ہم پہونچتی ہے جیسا کہ معاصرین
نور نامے کے نظم ونثر میں بیان کرتے ہیں کہ سب مضامین یعنی اصلی قبل خلقت عالم
کے وہ ہرگز عقل سلیم میں نہیں آتی نہ حیدر اونکی قرآن وحدیث میں کسی نبی نے خبر دی نہ
اوس سے کچھ شرف و فضیلت نبوت کی پائی جاتی ہے اور نہ عقل میں آتی ہیں اور امام غزالی
رحمۃ اللہ علیہ کیطرف منسوب کرکے اسطرح بیان کرتے ہیں کہ بالفاظہ نقل عبارت ترجمہ کتاب اردو
کی لکھی جاتی ہے والعہدۃ علی القائلین نقل ترجمہ اردو کتاب عربی دقائق الاخبار
اللہ تعالی نے ایک درخت پیدا کیا جس میں چار شاخیں تھیں سو شجرۃ الیقین اوسکا نام
رکھا پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو سفید موتی کے پردے مین طاؤس بناکر اوس
درخت پر بٹھایا اوسنے ستر ہزار برس اوسپر تسبیح کہی بعد ازاں حیا کا آئینہ پیدا کرکے
اوسکے آگے دھرا جب طاؤس نے اوسمین اپنی صورت دیکھی نہایت حسین وجمیل
دیکھا تب حق تعالی سے حیا کی اور پانچ دفعہ حق تعالی کو سجدہ کیا سو وہی سجدے
اوسپر فرض موقت ہو گئی کہ حق تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اونکی امت کو حکم

وقتہ نماز کا حکم کیا پھر حق تعالی نے اوس نور کے طرف دیکھا تب شرم سے وہ پسینا پسینا ہو گیا سو اوسکے سر کے عرق سے فرشتے پیدا ہوئے اور چہرے کے عرق سے عرش و کرسی لوح قلم چاند سورج تارے اور جو کچھ آسمان مین ہے بنے اور سینہ کے عرق سے انبیا و رسل و علما و شہدا و صلحا اور ابرو کے عرق سے سب اہل ایمان اور کانون کے عرق سے یہود و نصاری و مجوس وغیرہم کی ارواح اور پشت کے عرق سے بیت المعمور و کعبہ اور بیت المقدس اور ساری دنیا کی مسجدون کی زمین اور پاؤن کے عرق سے زمین پورب پچھم تک اور جو کچھ اوس مین ہے سب پیدا ہوا پھر حق تعالی نے فرمایا کہ اے نور میرے حبیب کے نظر کر سو اوسنے دیکھا اپنی آگے ایک نور اور پیچھے ایک نور اور دا ہنے ایک نور اور بائین ایک نور یہ چارو یار تھے رضی اللہ عنہم پھر اوس نور نے ستر ہزار برس تک تسبیح کہی تب حق تعالی نے اوس سے ارواح انبیا کو پیدا کر کے اونسے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہلایا پھر عقیق سرخ سے ایک قندیل شفاف پیدا کی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت کو جسطرح دنیا مین تھی اوسی طرح بنا کر قندیل مین رکھا اور تمام روحون نے اوسکے گرد طواف کیا اور ستر ہزار سال تک تسبیح و تہلیل کی پھر خدائے تعالی نے سبکو حکم کیا کہ اوسکی طرف دیکھین سو جسنے اوسکی طرف سر کو دیکھا خلیفہ و سلطان ہوا اور جسنے پیشانی کو دیکھا امیر عادل ہوا اور جسنے ابرو کو دیکھا نقاش ہوا اور جسنے کانونکو دیکھا صاحب تمتع و صاحب اقبال ہوا اور جسنے آنکھون کو دیکھا حافظ قرآن ہوا اور جسنے رخسارون کو دیکھا سخی اور عاقل ہوا اور جسنے بینی کو دیکھا طبیب ہوا عطار ہوا اور جسنے

ہو بغل یا دامنون کو دیکھا خوبصورت ہوا اور جسنے سینہ کو دیکھا روزہ دار ہوا اور
جسنے زبان کو دیکھا بادشاہون کا قاصد ہوا اور جسنے حلق کو دیکھا واعظ و موذن ہوا
اور جسنے داڑہی کو دیکھا عابد و ذاکر ہوا اور جسنے گردن کو دیکھا تاجر ہوا اور جسنے دونو
بازو کو دیکھا شجاع [illegible] ہوا اور سپہ دار ہوا اور جسنے صرف داہنے بازو کو دیکھا حاکم ہوا اور
جسنے صرف بائیں بازو کو دیکھا جلاد ہوا اور جسنے داہنے ہتیلی کو دیکھا [illegible] ہوا اور جسنے
بائیں ہتیلی کو دیکھا مانگنے والا ہوا اور جسنے دونو ہتیلی کو دیکھا سخی اور صاحب کسب ہوا
اور جسنے دونو ہاتھون کی پشت کو دیکھا بخیل ہوا اور جسنے داہنے ہاتھ کی انگلیون کو
دیکھا کاتب ہوا اور جسنے بائیں ہاتھ کی انگلیون کو دیکھا [illegible] ہوا اور جسنے سینہ کو
دیکھا عالم و مجتہد ہوا اور جسنے پیٹ کو دیکھا متواضع اور جسنے [illegible] کا مطیع ہوا
اور جسنے پہلو کو دیکھا غازی ہوا اور جسنے شکم کو دیکھا قانع اور
زاہد ہوا اور جسنے رانو کو دیکھا راکع و ساجد ہوا اور جسنے پاؤن کو دیکھا [illegible]
ہوا اور جسنے قدم کے نیچے دیکھا راہ چلنے والا ہوا اور جسنے پرچھائیں کو دیکھا مرتد
ہوا اور جسنے [illegible] دیکھا یہودی ہوا [illegible] وہ سرکش ہوا اور جاننا چاہیے کہ حق تعالیٰ
نے نمازی کی اعضا کو احمد کی صورت پر مقرر کیا قیام الف کی مانند اور رکوع ح کی مانند
اور سجدہ میم کے مانند اور نشست دال کے مانند اور خلق کو لفظ محمد کی صورت پیدا
کیا سر میم کے مانند گول اور دونو ہاتھ ح کے مانند اور شکم میم کے مانند اور دونون
پاؤن دال کے مانند اور کوئی کافر اوسکی صورت پر جلایا نجائیگا بلکہ صورتین اوسکے مل

دی جاویگی انتہی بعبارتہا بلفظہ اب کاتب الحروف اسلئے افہام عام کے زبان اردو عام مین فہم مین التماس کرتا ہے کہ اس قسم کے اسرار الٰہی بتصریح تمام اگرچہ احادیث صحیح سے مستند ہین معاذ اللہ انکار کسکو ہے کہ مرتبہ نور نبوت کا اس سے کہین ارفع اور برتر اور بلند ہے چہ جائیکہ قرآن و حدیث مین بہی یہ مضامین ندیدہ اور حسن طرز بیان سے کلام اللہ مین بتوضیح تمام وارد ہے وہ انشاء اللہ بشرح و بسط تمام عنقریب بیان کیا جاتا ہے پس اس طرز بیان مین جو ترجمہ اردو کتاب دقائق الاخبار کا بالفاظ نقل کر دیا ہے ملاحظہ ہو کہ سب الفاظ بسبب عبارت اردو عام فہم کی بے تکلف فہم مین آئے مگر تعقل اور ادراک مین کچھ نہین آسکتا کہ فہوم نوع بشر قاصر ہین اور ایسے بیان سے کچھ فضائل اور مرتبہ شان محمدی کا جسقدر دلون پر نقش اور کلام اللہ سے ثابت ہے بظاہر ظاہر نہین ہوتا اور نہ دلون پر چوٹ بیٹھتی ہے اور منکرین کو ہر طرح کی انکار اور اعتراض اور گرفت کی گنجایش ہوتی ہے اور اسرار الٰہی جدا فاش ہوتا ہے پہر اس قسم کے مضامین اگرچہ سچ بہی ہین تو اسرار ہین اسرار کو علی روس العوام خصوصًا ایسی وقت مین کہ منکرین کو طرح طرح کی حجتین الزامی اور اعتراضات اور دلائل انکاری بہم پہونچتے ہین اس بیان سے کیا حاصل پہر کیا ضرور ہے کہ یاوہ روایات غیر ثقات غیر مستند قبل ایام جہالت بہ تخصیص مضامین ولادت اور رضاعت بہ تعیین آیام ولادت بیان کیئے جاوین کہ بعینہ مشابہت برسم ہنود ہو جاوے یا ایسے مضامین اسرار جسکے ادراک سے فہوم بشری قاصر ہون اور منکرین کو گنجایش استہزا اور انکار کی

سہم ہو سکے بیان کیے جاویں مثلاً حور بہشتی کی تعریف اور سراپا راست راست
بیان کیا جائے کہ برابر گنبد کلاں کے سر اور برابر مینار بلند کے ساق پا اور ہرگز
نہ کہ وسے بیاں اور رومی رواز ے کے برابر چہ وہاں ہر چند راست بیان
واقعی کہیے الٹی ہو جاوے آپ الٹرسے اللہ تعالیٰ نے جس جگہ کلام اللہ میں ذکر
حوران بہشتی کی ہے بقدر فہوم اور مدرکات بشری کے ہے عُرُبًا اَتْرَابًا کَاَنَّھُنَّ
الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ یا لُؤْلُؤٌ مَّکْنُوْنٌ یا قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ لَمْ یَطْمِثْھُنَّ
اِنْسٌ قَبْلَھُمْ وَلَا جَانٌّ یا وَجَعَلْنٰھُنَّ اَبْکَارًا غرض سب اسی قسم کی صفات مگر جن
جو ادراک بشری میں بخوبی آسکیں اور بایہ توضیح نہو کہ کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ
عُقُوْلِھِمْ ہاں یہی صفت اس نور خدا کے جو کلام اللہ میں بتصریح تمام و تمثیلات
عام فہم واضح تر سورہ نور میں مذکور ہے اور فہوم بشری سے مستعبد نہیں اور فائدہ
اور قوائد کہ الٰہی ہی بوجہ اکمل اور اتم اوسمیں حاصل ہے اسی سبب اور سمودس کو
اگر بیان کیا کریں و کیا قباحت لازم آتی ہے بس الصاف درکار ہے اسکو رکاور
اور اوسکو اختیار کرنا کون جانب استحسان اور رجحان کی غالب تر ہے علاوہ
ظاہر اور باہر ہے کہ قوت ناطقہ بشری بالاتفاق بیان حمد و ثنائے الٰہی سے قاصر
اور ناچار اور معترف بعجز و قصور ہے اور صریح تر یہی ہے کہ قطرہ محیط دریا میں
ہو سکتا ہے رہاں وصف نہار و درشمارہ بسعی برتر بود زیں گوشت پارہ
پس صفت وسا اوسکے نور ذاتی کے کہ نام اوسکا پردہ بشری میں محمد اور تمام اوسکا

تا عالم تکوینی مین مشہود ہے کسطرح نوع بشری سے بیان ہو سکتی ہے پس اس نظر
سے بہی اگر صفات اوسکی اور اوسکی حبیب کے اوس کے کلام سے شرح کیئے جاوین
تو بلا خطر ہو کہ بہ نسبت اون روایات ملتبس غیر مستند کے کسکو جانب رجحان
اور استحسان کے غالب ہے اور کون جانب بدعت سے خالی ہے کس واسطے
کہ بدعت اوسکا نام ہے جو بعد قرون ثلاثہ کوئی امر تازہ دین اسلام مین حادث
ہو وہ بہی دو حال سے خالی نہین حسنہ یا سیئہ حسنہ کو بنظر استحسان متاخرین جائز رکہتے
ہین جیسا ایسی صحبت مولد شریف کی بنظر حسنہ جائز رکہی ہے چہ جاکہ اس حسنہ مین بنظر
التباس رسم ہنود تعیین روز اور ماہ اور تاریخ اور تخصیص حکایات خاص ولادت مین
بوجوہ مذکورہ بالا کلام اور استفتا طلب ہے اور بمفاد کلمہ کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ کوئی
بدعت حسنہ نہین ہو سکتی چہ جاکہ اس تعیین اور تخصیص کے ساتہ فَكَيْفَ كَانَ
كَذَا مگر بلا تعیین ماہ و تاریخ کے بالاتفاق ایسا ذکر خیر الاذکار بِاَيِّ نوعٍ کان
داخل بدعت نہین بلکہ منتہائے عبادت اور بتاکیدات متواترہ مامور ہے کہ وَاذْكُرْ
رَبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ پس تخصیص روزکی واسطے فاتحہ
وفات کے اگر اس نیت اور عقیدہ سے ہو کہ اسی روز خاص مین ثواب پہنچے گا البتہ
عند الشرع غالب کہ نادرست ہو اور اگر یہ نیت اور عقیدہ نہ ہو بلکہ اس نظر سے ہو کہ
بدون تعیین روز و تاریخ کے انعقاد صحبت مجلس بسبب لاعلمی خاص و عام کے متعذر ہوتا ہے
غالب کہ شرع بہی معذور اور معاف رکہے معہذا یہ گفتگو اور اختلاف تو درباب تعیین روز

فاتحہ

واقعہ وفات کے سے گرمت ذکر فضائل ہوئی معتبر اعلام خاص و عام اگر یہ تعین دن
تک قرار دی جاوے حالانکہ تشریح ہر دو کی گراں بار و دشوار ہے ورنہ کہ خاص ولادت
حضرت کا کہ متعارف ہے بارہ ربیع کہ منظر تماشا ہے رسم ہر دو خالی ہو کر ایسا صریح کوئی آیت
فی المکہ حاصل ہو پس اس صورت میں اگر اس روز ارمادہ اور تاریخ کو علی ہذا القیاس ستائیس
بست ہفتم رجب المرجب سے کہ شب اوسکی شب معراج اور روز اوسکا صوم ہزاری
اور مہینا بھی بابرکات ہے قرار دیا جاوے اور بوجہ اوس ذکر خاص مکانات ولادت
اور رضاعت کی فضائل اور تشریف معراج متبرک اور محامد تمام سراپا اور حلیہ
شریف بترجمہ آیات قرآنی بیان کیے جاویں ارباب اولو الالباب شریعت سے
انصاف طلب ہے کہ کون جانب استحسان اور اولویت مائل ہے چنانچہ اسی نیت
اور اسی ارادہ سے اس طرح کی کتاب مختصر جامع ہم ترتیب دینا منظور ہوا اور چونکہ
اسرار حکمت اور قدرت الٰہی معانی آیات قرآنی سے ہویدا تھی اسواسطے اس کتاب کا
نام اسرار المَوت اسم بامسمی معلوم ہوا مگر جو اس نام میں قبل ملاحظہ کتاب کے اعتراض
عوام لاعلم کو بھی گنجایش تھی اور اونکے اعتراض ناواقفانہ کے جواب میں طبع جراءتی
